36783 ـ صدقہ کی فضیلت میں احادیث

سوال

ہمارے ہاں ہفتہ وار درس ہوتا ہے، اور ہر ہفتہ ہم بہنوں کو دوسرے ممالك میں رہنے والے فقراء اور مساکین کے لیے صدقہ و خیرات کرنے پر ابھارتی ہیں کیا کچھ ایسی احادیث ہیں جو صدقہ و خیرات کرنے کی ترغیب دیتی اور ابھارتی ہوں، اور روز قیامت اس کا اجر جنت ہو، تا کہ یہ احادیث بہنوں کو صدقہ و خیرات کرنے کی ترغیب دلانے اور ان شاء اللہ مزید صدقہ جمع کرنے میں ممد و معاون ہوں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

ذیل میں چند ایك شرعی نصوص ذکر کی جاتی ہیں جو آپ صدقہ و خیرات کی ترغیب کے لیے ذکر کر سکتی ہیں، اللہ تعالی سے دعا ہے کہ وہ اس سے نفع دے اور آپ کو اجروثواب سے نوازے.

فرمان باری تعالی ہے:

اے ایمان والو! جو کچھ ہم نے تمہیں دیا ہے اسمیں سے وہ دن آنے سے قبل اللہ کے راستے میں خرچ کرلو جس دن نہ کوئی تجارت ہو گی، اور نہ ہی دوستی کام آئے گی، اور نہ سفارش، اور کافر ہی ظالم ہیں البقرۃ (254).

اور ایك مقام پر اللہ سبحانہ وتعالی نے فرمایا:

جو لوگ اللہ تعالی کے راستے میں خرچ کرتے ہیں ان کی مثال اس دانے کی ہے جس نے سات بالیاں اگائیں، اور ہر سٹے اور بالی میں سو دانے ہیں، اور اللہ تعالی جسے چاہتا ہے اس سے بھی زیادہ دیتا ہے، اور اللہ تعالی وسعت والا اور جاننے والا ہے، جو لوگ اللہ تعالی کے راستے میں خرچ کرتے ہیں اور پھر جو کچھ انہوں نے خرچ کیا ہے اس میں احسان نہیں جتلاتے اور نہ تکلیف دیتے ہیں، ان کا اجر ان کے رب کے پاس ہے، نہ تو انہیں کوئی خوف ہو گا اور نہ ہی وہ غمگین ہونگے البقرۃ (261 ـ 262).

اور ایك مقام پر اللہ تعالی نے اس طرح فرمایا:

اے ایمان والو! جو تم نے پاکیزہ کمایا ہے اس میں سے خرچ کرو، اور جو ہم نے زمین سے نکالا ہے وہ خرچ کرو،

اور تم گندی اور خراب چیز خرچ کرنے کا ارادہ نہ کرو، حالانکہ تم خود اسے لینے والے نہیں ہو مگر یہ کہ آنکھیں بند کر کے، یہ جان لو کہ اللہ تعالی بے پرواہ اور تعریف کے لائق ہے البقرۃ (267).

اور ایك مقام پر فرمان باری تعالی ہے:

اللہ تعالی اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لے آؤ، اور اس سے خرچ کرو جس پر اللہ تعالی نے تمہیں (دوسروں کا) جانشین بنایا ہے، وہ لوگ جو تم میں سے خرچ کرینگے ان کے لیے بہت بڑا اجروثواب ہے الحدید (7).

ابو ہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

" جس نے پاکیزہ کمائی سے ایك کھجور کے برابر صدقہ کیا ۔ اللہ تعالی پاکیزہ کے علاوہ کچھ قبول نہیں کرتا ۔ اللہ تعالی اسے اپنے دائیں ہاتھ سے قبول فرماتا ہے، پھر اسے خرچ کرنے والے کے لیے اس کی ایسے پرورش کرتا ہے جس طرح تم میں کوئی اپنے گھوڑے کے بچھیرے کی پرورش کرتا ہے، حتی کہ وہ پہاڑ کی مانند ہو جاتا ہے"

صحیح بخاری حدیث نمبر (1344) صحیح مسلم حدیث نمبر (1014)

ابو ہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

" ہر دن میں صبح کے وقت دو فرشتے نازل ہوتے ہیں، ان میں سے ایك کہتا ہے: اے اللہ خرچ کرنے والے کو نعم البدل دے، اور دوسرا کہتا ہے: اے اللہ روك کر رکھنے والے کا مال تلف کردے"

صحیح بخاری حدیث نمبر (1374) صحیح مسلم حدیث نمبر (1010)

ابو سعید خدری رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ عید الفطر یا عید الاضحی کے دن نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم عیدگاہ کی طرف نکلے اور پھر وہاں لوگوں کو وعظ و نصیحت فرمائی اور انہیں صدقہ و خیرات کرنے کا حکم دیتے ہوئے فرمایا:

" لوگو! صدقہ کیا کرو.

اور عورتوں کے پاس سے گزرے تو فرمایا:

اے عورتوں کی جماعت! صدقہ کیا کرو، کیونکہ میں نے دیکھا ہے کہ تمہاری تعداد آگ میں سب سے زیادہ ہے...

اور جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے گھر تشریف لے گئے تو ابن مسعود رضی اللہ تعالی عنہما کی بیوی زینب

رضی اللہ تعالی عنہا اندر آنے کی اجازت مانگنے لگی: تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کي گیا یہ زینب رضی اللہ تعالی عنہا آئی ہے، تو رسول کریم صلی اللہ علیہ نے دریافت کیا کونسی زینب؟

تو کہا گیا کہ ابن مسعود رضی اللہ تعالی عنہما کی بیوی، تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں اسے اجازت دے دو، تو اسے اندر آنے کی اجازت دے دی گئی.

وہ کہنے لگی: اے اللہ تعالی کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم آپ نے آج صدقہ و خیرات کرنے کا حکم دیا ہے، اور میرے پاس میرا زیور ہے میں اسے صدقہ کرنا چاہتی ہوں، تو ابن مسعود رضی اللہ تعالی عنہما کا خیال ہے کہ وہ اور اس کی اولاد اس صدقہ کی زیادہ مستحق ہے، تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

" ابن مسعود رضی اللہ تعالی عنہما نے سچ کہا ہے، تیرا خاوند اور تیری اولاد کسی دوسرے پر صدقہ کرنے سے زیادہ حقدار ہے"

صحیح بخاری حدیث نمبر (1393) صحیح مسلم حدیث نمبر (80).

ابو ہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

" اللہ تعالی کا فرمان ہے: اے ابن آدم خرچ کر میں تجھ پرخرچ کرونگا "

صحیح بخاری حدیث نمبر (5073) صحیح مسلم حدیث نمبر (993)

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے.

واللہ اعلم .